© rasailojaraid.com

## تبصرہ کتب

☆......تبصرہ کے لیے دو کتابوں کا بھیجنا ضروری ہے

☆......تبصرے کے لیے کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر ارسال فرمائیں

### ”المنطق الاساسی للطالب الناشی“

**تالیف: مولانا بشیر احمد۔ صفحات: 112۔ طباعت: عمدہ/ کارڈ کور ایڈیشن۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبہ دینیات کراچی۔ فون: 0333-3157938۔ مکتبہ غزنوی، سلام کتب مارکیٹ کراچی۔**

مولانا بشیر احمد زید مجدہم جامعہ بنوری ٹاؤن کراچی کے فاضل اور جامعہ دار العلوم کراچی کے ذی استعداد استاذ ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب ”المنطق الاساسی للطالب الناشی“ انہی کی تالیف ہے۔ فنون کی اکثر کتابیں دقیق عربی میں ہوتی ہیں، لیکن مؤلف محترم نے اسے آسان اور عام فہم عربی اسلوب میں مرتب کیا ہے۔ طلبہ کی استعداد کے مطابق جدید درسی کتب کی جھلک اس میں بڑی حد تک نظر آتی ہے۔ ہمارے ہاں آج کل طلبہ کی استعداد مختلف عوارض کی وجہ سے دگرگوں ہے، طلبہ کی استعداد پر ایک منفی اثر درسی کتب کی اردو شروحات نے بھی ڈالا ہے۔ حیرت ہوتی ہے کہ بازار کتب میں ”علم النحو“ یا ”تیسیر المنطق“ جیسی آسان عام فہم اور معصوم سی کتاب کی بھی شروح دستیاب ہیں۔ ایسے میں کسی استاذ کا عربی زبان میں کسی کتاب کی تسہیل و ترتیب جدید کا بیڑہ اٹھانا قابل قدر کوشش ہے...... ”المنطق الاساسی“ علم منطق کی ابتدائی کتاب ہے، یہ کتاب وہ تمام مواد فراہم کرتی ہے جو تیسیر المنطق، ایساغوجی یا مرقاۃ میں موجود ہے، جبکہ منطقی اصطلاحات/ تعریفات اور تمرینات کو آسان عربی میں پیش کیا گیا ہے، فاضل مولف نے دقیق مباحث اور ”اعتراضات و جوابات“ سے اجتناب کرتے ہوئے منطق کی تمام بنیادی ضروری اصطلاحات کا احاطہ کیا ہے۔ امید کی جاتی ہے کہ یہ کتاب درسی نصاب میں شمولیت کے لیے قابل توجہ ٹھہرے گی۔ کتاب کے آغاز میں استاذ العلماء حضرت مولانا عبد الرؤف غزنوی مدظلہم کی وقیع تقریظ شامل ہے۔

### ”بڑھتے قدم سوئے حرم“

**مولف: مولانا محمد حبیب اللہ فاروقی نقشبندی۔ صفحات: جلد اول: 376، جلد ثانی، 327۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الامہ، نہر کنارہ روڈ رحیم یار خان۔ فون: 0303-2647131**

”بڑھتے قدم سوئے حرم“ مولانا حبیب اللہ فاروقی نقشبندی زید مجدہم کی تالیف ہے۔ حرمین شریفین کا سفر ایک



© rasailojaraid.com